سوال

(130)کیاتکبیر میں ''قدقَامَتِ الصَّلٰوۃ'' کے جواب میں ''اَقَامَہَا ،وَاَدَامَہَا'' کہنا درست ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاتکبیر میں ''قدقَامَتِ الصَّلٰوۃ'' کے جواب میں ''اَقَامَہَا ،وَاَدَامَہَا'' کہنا درست ہے اس کے متعلق جواحادیث پیش کرتے ہیں وہ صحیح ہیں صحیح حدیث کے حوالہ سے تحریر فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قَدقَامَتِ الصَّلٰوۃ'' کے جواب میں ''اَقَامَہَا ،وَاَدَامَہَا'' کہنے والی روایت صحیح نہیں ضعیف ہے تحفۃ الاحوذی دیکھ لیں البتہ جواب والی عمومی احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ ''قَدقَامَتِ الصَّلٰوۃ'' کے جواب میں بھی ''قَدقَامَتِ الصَّلٰوۃ'' ہی کہنا چاہیے کہ

''مِثْلُ مَا یَقُوْلُ'' کا تقاضا یہی ہے اور حیعلتین کے جواب میں لاحول الخ کہنے کی استثنائی صورت کی طرح اس مقام پر کوئی استثنائی صورت والی روایت ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص121

محدث فتویٰ